Roll No:____________ امیدوار خود پُر کرے

## (For all Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. اب انسان کو انساں کا عرفان ہوگا — یقین ہو گیا ، اعتبار آ گیا ہے

ii. کوسوں کسی شجر میں نہ گل تھے ، نہ برگ و بار — ایک ایک نخل جل رہا تھا صورتِ چنار

iii. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

iv. جلوۂ قدرت کا شاہد حُسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نُورِ نگاہ

**(حصہ غزل)**

i. سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

ii. بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

iii. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) مرزا صاحب بظاہر علیل نہیں معلوم ہوتے تھے اکہرا ڈیل، اُجلا رنگ کشادہ پیشانی گھنی بھنوؤں کے سائے میں بڑی بڑی روشن آنکھیں رخسار کی ہڈیاں ابھری ہوئیں کتر واں موچھیں ہنستے تو سامنے کے دو چار دانت ٹوٹے ہوئے نظر آتے مگر برے نہ لگتے تھے۔

(ب) فنِ خطاطی کے مظہر کی حیثیت سے قرآن کریم کی وہ آیات توپ کاپی میں موجود ہیں جو مشہور خطاطوں کی ہنر مندی کے نمونے کی حیثیت سے عالمی شہرت رکھتی ہیں رسول اللہ ﷺ کی سیرت وسوانح پر نسخ میں ایک اہم مخطوطہ بھی توپ کاپی میں موجود ہے۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. مرزا محمد سعید نے کن دو کالجوں میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟

ii. شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟

iii. ترکی کے شہر استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟

iv. بندوق کے بُرے دوستوں میں سے دو کے نام لکھیے۔

v. اونٹ کو نکیل پڑنے سے شاعر دلاور فگار کی مراد کیا ہے؟

vi. علامہ اقبال کی نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" میں "برسے ہوئے بادل" سے کون مراد ہے؟

vii. گھر والوں نے ریل کے سفر میں عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اُس پرلڑکی نے کیا جواب دیا؟

viii. حسرت موہانی کو برطانوی سامراج کی جانب سے کس قسم کی قید کی سزا ہوئی تھی اور انھیں روزانہ کیا کرنا پڑتا تھا؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نظریہ پاکستان یا نام دیو مالی** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. زم زم　ii. سائنس کے کرشمے　iii. والدین کی اطاعت

**7. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں، ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعبیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii. عربی اور انگریزی زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

iv. آریائی خاندانوں کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

v. دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟